اولاد نہ ہو تو بیوی کو وراثت میں حصہ ملے گا؟

مجیب: ابو محمد مفتی علی اصغر عطاری مدنی

فتوی نمبر: Nor-12998

تاریخ اجراء: یکم ربیع الاول 1445ھ/18 ستمبر 2023ء

دار الافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ کوئی شخص فوت ہو جائے اور اس کی کوئی اولاد نہ ہو، تو شوہر کی جائیداد میں بیوی کا حق ہو گا یا نہیں؟ اور اگر شوہر کے دیگر ورثا بیوہ کا حصہ نہ دیں، تو کیا حکم ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں وراثت تقسیم کرنے سے پہلے لازم ہونے والے حقوق کی ادائیگی یعنی میت کی تجہیز و تکفین و تدفین کا خرچ، میت کے ذمہ اگر کوئی قرض تھا، تو اس کی ادائیگی اور اگر اس نے کوئی جائز وصیت کر رکھی تھی تو ایک تہائی ترکے کی حد تک وصیت نافذ کرنے کے بعد شوہر کی تمام جائیدادِ منقولہ و غیر منقولہ کا چوتھا حصہ (1/4) اس کی بیوہ کو دیا جائے گا۔ یہی خدائے احکم الحاکمین جل جلالہ کا فیصلہ ہے کہ جب مرنے والے شخص کی کوئی اولاد نہ ہو تو اس کی بیوہ کو کل جائیداد کا چوتھا حصہ ملتا ہے۔ اگر خاوند کے ورثا اس کی بیوہ کو پورا حصہ نہیں دیں گے تو سخت گناہ گار، حق العبد میں گرفتار اور مستحقِ عذابِ نار ہوں گے۔

بیوہ کا حصہ بیان کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ قرآن مجید میں ارشاد فرماتا ہے: ”وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَاۤ اَوْ دَيْنٍ“ ترجمہ کنز الایمان: اور تمہارے ترکہ میں عورتوں کا چوتھائی ہے اگر تمہارے اولاد نہ ہو، پھر اگر تمہارے اولاد ہو تو ان کا تمہارے ترکہ میں سے آٹھواں جو وصیت تم کر جاؤ اور دَین نکال کر۔ (پارہ 4، سورۂ نساء، آیت 12)

مذکورہ آیتِ پاک کے تحت مفسرِ شہیر مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ”یہ بیوی کی میراث کا ذکر ہے، بیوی ایک ہو یا زیادہ، خلوت ہو چکی یا نہ اور خاوند کی اولاد نہ اس بیوی سے ہو، نہ دوسری بیوی سے، بہر حال اس کی

میراث یہ ہے کہ اس کے خاوند کے متروکہ مال کا چہارم یعنی 1/4 ملے گا، باقی تین حصے دوسرے وارثوں کے ہوں گے"

(تفسیرِ نعیمی، جلد4، صفحہ516، نعیمی کتب خانہ، گجرات)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net